ڈائریکٹر پبلک ریلیشنز سندھ پولیس اسٹاف

فون :- 99212639

گذشتہ دس ماہ سے جاری ٹارگٹڈ آپریشن میں 31336 ملزمان گرفتار، اسلحہ برآمد

کراچی 10 جولائی 2014ء :- قائم مقام آئی جی سندھ غلام حیدر جمالی نے ان اعلان کے دوسرے سے متعلقہ ایک اجلاس کے دوران جرائم پیشہ عناصر کے خلاف مورخہ 05 ستمبر 2013ء سے جاری ٹارگٹڈ آپریشنز پر مشتمل تفصیلی رپورٹ کا جائزہ لیا۔ اجلاس میں پولیس کے سینئر افسران بھی موجود تھے

رپورٹ میں بتایا گیا کہ مورخہ 07 جولائی 2014ء تک مختلف قانون کی حدود میں ٹارگٹڈ آپریشنز کے دوران 1627 پولیس مقابلوں میں 1586 ڈکیت / رہزن، 336 بھتہ خوروں، 83 اغواء کاروں سمیت 7155 مفرور جبکہ 590 استغاری ملزمان کو گرفتار کیا گیا۔

گذشتہ دس ماہ پر مشتمل ٹارگٹڈ آپریشن کی رپورٹ میں بتایا گیا کہ مختلف علاقوں میں ریکی، سراغ رسانی و انٹیلی جنس کلیکشن وغیرہ جیسے اقدامات کی بدولت مجموعی طور پر 31336 ملزمان گرفتار جبکہ پولیس پر فائرنگ اور مقابلوں میں 392 جرائم پیشہ ہلاک ہوئے

رپورٹ میں بتایا گیا کہ مذکورہ دورانیے میں قتل کے مقدمات میں 1026، ایکسپلوزو ایکٹ کے تحت 264، اسلحہ ایکٹ کے تحت 5706 جبکہ نارکوٹکس / منشیات ایکٹ کے تحت 4663 ملزمان کو گرفتار کیا گیا۔ علاوہ ازیں معمولی نوعیت کے دیگر جرائم میں گرفتار ہونیوالے ملزمان کی تعداد 7908 رہی۔

گرفتار ملزمان سے تین بور اینٹی ٹینک مائن، آٹھ بور راکٹ / راکٹ لانچرز، 577 کلوگرام دھماکہ خیز مواد، 09 بور فورگن جیلیٹن، 643 ہینڈ گرنیڈز سمیت تین بور ایل ایم جیز، 186 کلاشنکوف / ایل ایم جیز، 7201 لیٹول / ریوالورز / ماؤزرز، 116 رائفلیں اور 125 پسٹلز / اسٹاٹ گنز برآمد کی گئیں۔

+

ڈائریکٹر پریس سندھ پولیس آفس

فون 99212639

قائم مقام آئی جی سندھ نے تھانہ ڈیفنس کا دورہ کیا

کراچی، 09 جولائی 2014ء۔ قائم مقام آئی جی سندھ غلام حیدر جمالی نے تھانہ ڈیفنس کا دورہ کیا اور تھانہ حدود میں سیکیورٹی ڈپلائمنٹ کی تفصیلات کا جائزہ لیتے ہوئے مزید ضروری احکامات دیئے۔ اس موقع پر ایڈیشنل آئی جی کراچی سمیت ڈی آئی جی اور ایس ایس پی ساؤتھ بھی انکے ہمراہ تھے۔

اُنہوں نے ہدایات دیں کہ جرائم کے خلاف جملہ فرائض انتہائی مستعدی سے انجام دیئے جائیں اور اس ضمن میں زونل سطح پر باہمی رابطوں کو مربوط اور مؤثر بنایا جائے۔ اُنہوں نے کہا کہ رمضان المبارک کنٹی جنسی پلان پر عمل درآمد کو ہر سطح پر یقینی بنایا جائے۔ علاقوں میں قائم مساجد، امام بارگاہوں و دیگر کھلے مقامات پر نماز تراویح کے اوقات میں گشت، اسنیپ چیکنگ پکٹنگ کے اقدامات کو بالخصوص ٹھوس اور مربوط بنایا جائے۔

#

دفتر ڈائریکٹر پبلک ریلیشنز سندھ پولیس

فون 99212639

ایڈیشنل آئی جی کراچی سے یورپی یونین کی وفد سے ملاقات

کراچی 8 جولائی 2016ء یورپی یونین کے ایک تین رکنی وفد نے LARS GUNNAR WIGEMARK کی سربراہی میں سینٹرل پولیس آفیس کراچی ایڈیشنل آئی جی کراچی غلام قادر تھیبو سے ملاقات کی اور باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال کیا۔

ایڈیشنل آئی جی کراچی نے امن وامان کے حوالے سے پولیس کی جانب سے تفصیلی طور پر آگاہ کیا پولیس کی استعداد کی صلاحیت کے اضافے کیلئے ٹریننگ، لاجسٹکس کے منصوبوں پر یورپی یونین کے تعاون کی یقین دہانی کرائی۔

=

دفتر ڈائریکٹر پبلک ریلیشنز سندھ پولیس

فون 99212639

شہید ہیڈ کانسٹیبل عبدالرحمن کی نماز جنازہ ادا کردی گئی۔

کراچی 07 جولائی 2016ء ایڈیشنل آئی جی کراچی غلام قادر تھیبو سمیت پولیس کے دیگر سینئر پولیس افسران نے گارڈن پولیس ہیڈ کوارٹرز ساؤتھ میں شہید ہیڈ کانسٹیبل عبدالرحمن کی نماز جنازہ میں شرکت کی پولیس کے خصوصی دستے نے اس موقع پر شہید کو سلامی پیش کیا۔

نماز جنازہ میں شہید کے اہل خانہ، دیگر رشتہ داروں، عزیز و اقارب دوست احباب سمیت اہلیان علاقہ نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔

واضح رہے کہ ہیڈ کانسٹیبل عبدالرحمن ولد خیرالرحمن کو تاحکم ثانی نے تھانہ سائٹ اے کی حدود میں شہید کیا تھا

ایڈیشنل آئی جی کراچی نے جنازے میں شریک شہید کے ورثا سے دلی تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے محکمہ پولیس کی جانب سے مرحوم مراعات کی فراہمی کا اعلان کیا اور موقع پر موجود سینئر پولیس افسران کو اس حوالے سے تمام تر ضروری محکمانہ امور کی جلد تکمیل کے احکامات دیے